© rasailojaraid.com



ابوالغوزان فاروقی ۔ لاہور

# ہماری معاشی بدحالی

اور

# اسلام

اللہ تعالیٰ کے دین سے روگردانی ، معاصی کا ارتکاب ، دینِ اسلام کی تضحیک اور دعوت الی اللہ کے فریضہ کو ترک کر دینا بھی معاشی بدحالی کا سبب بن جاتا ہے۔ اور یہ حقیقت میں رازقِ حقیقی کی جانب سے اس بات کی سزا ہوتی ہے کہ مسلمانوں نے اپنے حقیقی فرض سے غفلت برتی ہے۔

اس کے برعکس اللہ تبارک وتعالیٰ ایسے لوگوں کے لئے معاش کے دروازے کھول دیتے ہیں جن کے دل خوفِ خداوندی سے لبریز ہیں۔ تقویٰ اور مکارمِ اخلاق سے مزین ، دینِ الٰہی کی سربلندی کے لئے ہمہ تن مصروفِ جہاد ہیں۔ قرآنِ حکیم میں ارشاد ہے ،

وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۔ الطلاق ۔ ۳

اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے۔ (تقویٰ اختیار کرے) اللہ تعالیٰ اس کے لئے (مضرتوں سے) نجات کی شکل نکال دیتا ہے ، اور اس کو ایسی جگہ سے رزق پہنچاتا ہے جہاں اس کا گمان بھی نہیں ہوتا۔

امام رازیؒ تفسیر کبیر میں لکھتے ہیں ، کہ یہ آیت عوف ابن مالک اشجعی کے بارے میں نازل ہوئی ، عوف بن مالک کے صاحبزادے کو دشمنوں نے گرفتار کر لیا تھا۔ تو وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اپنے لختِ جگر کی دشمنوں کے ہاتھوں گرفتاری کا تذکرہ کیا۔ اور ساتھ ہی اپنی تنگی و فاقہ کی بھی شکایت کی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : " اتق اللہ و اصبر واکثر من قول لاحول ولاقوۃ الا باللہ " اللہ تعالیٰ کا تقویٰ اختیار کرو ، صبر کرو اور لاحول ولاقوۃ الا باللہ کثرت سے پڑھو ، انہوں نے اس پر عمل کیا ، چنانچہ ان کے بیٹے

© rasailojaraid.com

